کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳ جمادی الاول سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۳۱ مئی سنہ ۱۹۴۱ء جلد ۵۳

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	
۱	عطائے اضافہ گریڈ بہ تنخواہ صاحبان ہاؤس ہولڈ سکریٹری صاحب	۲
۲	عطائے اختیارات افسر صیغہ بہ رجسٹرار صاحب صدر	”
۳	عطائے اختیارات متعلق رقم وغیرہ بہ کمیٹی انتظامیہ خورشید گرلس اسکول	۲-۳
۴	عطائے اختیارات متعلق بجٹ بہ صیغہ فائنانس	۳-۴
۵	منظوری بابت قرار دیئے جانے رینک ”دار سبیس ٹنٹیو“ بہ سید محمود احمد صاحب ایکٹنگ کپتان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	۵
۶	منظوری تجویز نسبت انتظام آسامی صوبہ دار محمد مبین خاں	۵
۷	منظوری تبادلہ کیڈٹ ایم-ایس محمود صاحب بہ ٹریننگ بٹالین (عطائے رینک سیکنڈ لفٹننٹ)	”
۸	منظوری توسیع ملازمت لفٹننٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر (ایکٹنگ چیف کمانڈنٹ)	”

آرڈرز-ان کونسل رامپور اسٹیٹ

نمبر	مضمون	
۱	منظوری نفاذ قواعد کوآپریٹیو سوسائٹی ہائے ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء	۶
۲	” ” ریاست رامپور تحفظ ریلوئیم آرڈر سنہ ۱۹۴۱ء	”
۳	” توسیع ملازمت منشی محمد سرور خاں ڈسٹرکٹ سرجن	
۴	” تقرر عارضی بر آسامیان ٹیننگ ایکسپرٹ و سپروائزر ڈیوٹنگ سیکشن شمس الحق قادری و عبدالحنان ہاشمی علی الترتیب	
۵	منظوری توسیع ملازمت شیخ اشتیاق علی صاحب صدیقی سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز	
۶	منظوری اشاعت گزٹ مسودہ ترمیم قانون کوآپریٹیو سوسائٹی ہائے ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء برائے حصول رائے عامہ	۸

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- (مشوری) واقع ۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

مزید عرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

باستدعائے صدور حکم منظوری عطائے اضافہ گریڈ پندرہ

روپیہ ماہانہ (منظور شدہ بجٹ سال سنہ ۲۲-۱۹۲۱ء)

بہ تنخواہ مسٹر صدیق علی خاں صاحب ہاؤس ہولڈ

سکریٹری بہادر از تاریخ استحقاق یکم مئی سنہ ۱۹۲۱ء

معتمدہ صیغہ مالیات

حکم

بموجب رپورٹ - مسٹر صدیق علی خاں صاحب

ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کے اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہوار

کی یکم مئی سنہ ۱۹۲۱ء سے منظوری دی جاتی ہے - سررشتہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- (مشوری) واقع ۲۴ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ - رجسٹرار صاحب صدر

کو اختیارات افسر صیغہ عطا کیا جانا منظور ہے - سررشتہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض جناب عالی میر ہاند

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ رجسٹرار صاحب صدر کو

افسر صیغہ کے اختیارات نہونے کی وجہ سے حسابی اور انتظامی

معاملات میں دشواری ہوتی ہے - اور سب رجسٹرار

صاحبان کو افسر صیغہ کے اختیارات حاصل ہیں اس نے

بلحاظ ذمہ داری عہدہ و سہولت کار مناسب معلوم ہوتا ہے کہ

رجسٹرار صاحب صدر کو بھی افسر صیغہ کے اختیارات عطا فرمائے

جائیں - تجویز مذکورہ سٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

میں اتفاق کرلیا ہے - لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ

ہمایوں سے حکم عطائے اختیارات افسر صیغہ شرف نفاذ

پائے - زیادہ حد ادب - دولت و اقبال جاوید باد -

ضمیمہ

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

حکم:- (مسودی) واقع ۲۸ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ مبلغ دس ہزار روپیہ (عـــ ۱۰۰۰۰) کی منتقلی

اور کمیٹی انتظامیہ خورشید گرلس اسکول کو عطائے اختیارات

مصرحہ آئیٹم نمبر ۲ مندرجہ عرضداشت کی منظوری دیجاتی

ہے - کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

کے پاس مرسل ہوں -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بدیں صراحت پیش ہوئی کہ کمیٹی انتظامیہ خورشید گرلس اسکول نے اپنے جلسہ منعقدہ ۹ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء میں تجاویز ذیل پاس کر کے برائے منظوری ارسال کی ہیں جو قابل عطائے منظوری ہیں۔

۱۔ بجٹ سال رواں میں مبلغ [illegible] روپیہ برائے تعمیر بنگلہ جات رہائشی استانیان خورشید گرلس اسکول منظور ہوچکے ہیں لیکن یہ رقم ضرورت کے لحاظ سے ناکافی ہے بکم و کم ان مصارف کیلئے مزید مبلغ ۱۰۰۰۰ عہ کی فراہمی کا انتظام مناسب ہے۔

۲۔ کمیٹی انتظامیہ کو اس امر کا اختیار عطا فرمایا جائے کہ وہ کل ملازمان خورشید گرلس اسکول کے تقرر، تنزل، تعطل، سبکدوشی و برخاستگی کے متعلق اپنی سفارشات برائے منظوری عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں ارسال کرے اور کمیٹی انتظامیہ کی سفارش کے بغیر احکام محولہ کسی ملازم خورشید گرلس اسکول کے متعلق اجلاس سے جاری نہ کئے جائیں اور بجٹ متعلق کے کنٹرول کا اس حد تک اختیار عطا فرمایا جائے کہ کمیٹی انتظامیہ بشرط ضرورت مدات بجٹ رقوم کی منتقلی کی تحریک کرے اور بغیر اس کی سفارش کے بجٹ متعلق سے کوئی منتقلی عمل میں نہ آئے نیز طالبات کی متعلقہ تعلیم و انتظام کی بابت اپنی سفارشات عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں ارسال کرے چنانچہ عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے مبلغ ۱۰۰۰۰ عہ دہ ہزار روپیہ مد مصارف غیر متوقع جنرل فائنانس سے بہ مد تعمیر بنگلہ جات رہائشی استانیان بجٹ تعمیرات منتقل کئے جانے سے اتفاق کیا ہے جلسہ مذکور میں اسٹیٹ کونسل نے بھی حسب صراحت بالا منتقلی رقم تعدادی ۱۰۰۰۰ عہ اور کمیٹی انتظامیہ خورشید گرلس اسکول کو اختیارات معروضہ آئٹم ۲ عطا کئے جانے سے اتفاق کر لیا ہے۔ فدوی تحریراً(?) مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری کا شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال پاینده باد۔

عرضی

تحریراً ۲ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

سررشتہ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

مسودی واقعہ ۲۸ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

بصراحت رپورٹ تجویز منظور ہے کل فذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

فزیکل ایجوکیشن اور برائے اسکاؤٹ کا بجٹ سال گذشتہ مشترک منظور ہوا تھا اور صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات کے ذریعہ سے براہ راست مصارف ہوتے تھے۔ ایک آسامی چپراسی برائے اسکاؤٹ کے نام سے معہ ۵ ماہانہ کی بھی منظور شدہ تھی اور چپراسی کو اسی بجٹ سے تنخواہ ملتی تھی سکریٹری صاحب بوائے اسکاؤٹ کی تحریک پر محکمہ فائنانس سے حسب قاعدہ منتقلی رقم ہو کر بجٹ بوائے اسکاؤٹ۔ فزیکل ٹریننگ کے بجٹ سے علیحدہ کر دیا گیا اور براہ راست سکریٹری صاحب بوائے اسکاؤٹ کے کنٹرول میں دیدیا گیا۔ اور آسامی چپراسی کی منتقلی کی منظوری ایک عرصہ کے بعد کونسل سے حاصل کی گئی اس سلسلہ میں ترمیم اور دریافت کیا کہ صیغہ فائنانس کا ایسی منتقلی رقم کی منظوری دینا جس سے دو شعبہ جات کے بجٹ علیحدہ کر دئیے گئے کہاں تک درست تھا صیغہ فائنانس کا جواب ہے کہ برٹش گورنمنٹ میں بجٹ کلاسیفیکیشن کا تعلق اڈیٹر جنرل سے ہوتا ہے اور اس کو کل اختیارات مدات کے تغیرات کے ہوتے ہیں۔ درحقیقت بجٹ کلاسیفیکیشن صیغہ ا

فائنانس سے تعلق رکھتا ہے۔ اسکے علاوہ قواعد تفویض اختیارات کی رو سے صیغۂ فائنانس کو کسی بجٹ میں مستقل رقم کا اختیار عطا ہو چکا ہے۔ پھر جو تجویز بابت اجرائے جدید فقرہ بجٹ ۱۵ فروری ۱۹۲۱ء کو منظور ہوئی ہے اسکی رو سے مدات کا تغیر و تبدل اور جدید مدات کا قائم کرنا صیغۂ فائنانس ہی سے متعلق ہے۔

یہ کاغذات اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۱۹ مئی ۱۹۲۱ء میں پیش ہوئے۔ کونسل کی رائے ہے کہ صیغۂ فائنانس کو بجٹ کی ترتیب اور بوقت ترتیب مدات کے نام تجویز کرنے کا اختیار ہے۔ لیکن جب بجٹ مرتب ہو کر منظور ہو چکا ہو تو بحالت مستقلی رقم کسی جدید مد کے قائم کرنے اور کسی صیغہ کے ایسے مشترک بجٹ کو جس میں چند شعبوں کی رقم شامل ہو۔ چند حصوں میں بحکم خود علیحدہ علیحدہ تقسیم کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ لیکن کونسل نے اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے کہ برٹش گورنمنٹ میں اڈیٹر جنرل کو اس قسم کے تغیرات کا اختیار ہوتا ہے۔ بنظر سہولت کار تجویز کی ہے کہ صیغۂ فائنانس کو اس امر کا اختیار قابل عطا ہے کہ صیغۂ متعلقہ کی تحریک پر ایسے بجٹ کو جس میں چند شعبہ جات کی رقوم یکجائی منظور ہوئی ہوں۔ بحکم خود علیحدہ علیحدہ تقسیم کر سکے۔ اور مدات کا تغیر جدید مد کی قائمی اور آئٹموں کی منتقلی بھی بعد منظوری بجٹ بحکم خود کر سکے

لہذا ترقیم ہوا مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب، دولت اقبال جاوید باد۔

عرض

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

۱۵ ذیقعدہ

معروضہ ۲۵ مئی ۱۹۲۱ء

سررشتۂ صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ہر دو مثل حسب قاعدہ مرتب ہو کر سررشتۂ صدارت سے داخل محافظ خانہ کی جائیں

۲۹ مئی ۱۹۲۱ء

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- (صوری) واقع ۱۰ مئی ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ ایکٹنگ کپتان سید محمود احمد فرسٹ رامپور

War Substantive

رضا انفنٹری کا رینک وار سبسٹینٹو قرار دیئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میسلہ نمبر

جناب عالی

بحکم اجلاس ہمایوں معدودہ ۲۰ جنوری ۱۹۳۱ء لفٹنٹ سید محمود احمد صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو ایکٹنگ کپتان رینک عطا فرمایا گیا تھا عالیمرتبت کرنل سی۔ بی اسمال بہادر نے اطلاع دی ہے کہ جنگ کے زمانہ میں ایکٹنگ رینکس میں آگئے جو وار سبسٹینٹو قرار دیئے جاتے ہیں۔ بنا بریں حسب سفارش موصوف کی استدعا ہے کہ ایکٹنگ کپتان سید محمود احمد صاحب کا رینک بھی انڈین آرمی کے مطابق وار سبسٹینٹو قرار دیئے جانے کی منظوری سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت اقبال جاوید باد

عرضی

ترقیم اور دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
مورخہ ۲۴ مئی ۱۹۳۱ء

حکم :- (صوری) ۲۸ مئی ۱۹۳۱ء

انتظامات مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔

بعز عرض — میسلہ نمبر

جناب عالی

عالیمرتبت کرنل سی۔ بی۔ اسمال بہادر نے محمد حسن خاں کے انتقال کے سلسلہ میں حسب ذیل انتظامات باستدعا منظوری اعلیٰ ہمایوں پیش کئے ہیں۔ ترقیم مستدعی ہے کہ حکم منظوری بارگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔

(۱) جمعدار محمد خاں کو ۱۵ اپریل ۱۹۳۱ء سے صوبیدار رینک پر ترقی دیگئی۔

(۲) ۱۵ اپریل ۱۹۳۱ء سے حوالدار احمد خاں کو جمعدار رینک پر ترقی دیگئی۔

(۳) ۱۸ مئی ۱۹۳۱ء سے حوالدار احمد کو جمعدار امیر حسن خاں کی بجائے کوارٹر ماسٹر مقرر کیا گیا۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقیم و دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۸ مئی ۱۹۳۱ء

حکم (صوری) واقع ۲۸ مئی ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ کیڈٹ ایم۔ ایس۔ موحد کو ۱۵ مئی ۱۹۳۱ء سے عطائے رینک سکنڈ لفٹنٹ ٹریننگ بٹالین میں تبدیل کئے جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ متعلقہ کے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میسلہ نمبر

جناب عالی

کیڈٹ ایم۔ ایس۔ موحد صاحب سکنڈ ہیڈ ٹریننگ انفنٹری بہ تکمیل کورس فیروز پور ٹریننگ اسکول ہو کے واپس آگئے ہیں کورس ۱۵ مئی ۱۹۳۱ء کو ختم ہو گیا ترقیم مستدعی ہے کہ کیڈٹ ایم۔ ایس۔ موحد صاحب کو ۱۵ مئی ۱۹۳۱ء سے عطائے رینک سکنڈ لفٹنٹ ٹریننگ بٹالین میں تبدیل کئے جانے کی منظوری بارگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت اقبال جاوید باد

عرضی

ترقیم و دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر — مورخہ ۲۶ مئی ۱۹۳۱ء

حکم :- (صوری) واقع ۲۹ مئی ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں صاحب ایکٹنگ چیف کمانڈنٹ کی ملازمت میں یکم مئی ۱۹۳۱ء سے ایکسال کی مزید توسیع منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ کے احکام ضابطہ جاری ہوں آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میسلہ نمبر

جناب عالی

لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں صاحب ایکٹنگ چیف کمانڈنٹ رضا کی مدت ملازمت بحکم اجلاس ہمایوں معدودہ یکم مئی ۱۹۳۰ء ایکسال کی توسیع منظور فرمائی گئی تھی جو اپریل ۱۹۳۱ء کو ختم ہو گئی حسب تحریک صاحب موصوف ترقیم مستدعی ہے کہ لفٹنٹ کرنل صاحب کو ایکسال کی مزید توسیع منظور یکم مئی ۱۹۳۱ء سے بارگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت اقبال جاوید باد

عرضی

ترقیم و دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر — مورخہ ۲۶ مئی ۱۹۳۱ء

آرڈرزان کونسل - رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:-

۶۲۵/۹۵۵ — واقع ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بابتہ منظوری **قواعد کو آپریٹیو سوسائٹی ہائے ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء**" مرتبہ تحت دفعہ ۴۹ ضمن (۱) و (۲) قانون کو آپریٹیو سوسائٹی ہائے ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۰ء پیش ہو کر طے پایا کہ

حسب تجویز "قواعد کو آپریٹیو سوسائٹی ہائے ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء" منسلکہ کی منظوری دیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

(نوٹ:- کاپی قواعد محولہ بالا گزٹ کے آخر میں شامل ہے)

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:-

۳۸/۲۹ — واقع ۵ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابتہ منظوری نفاذ "ریاست رامپور تحفظ ایلونیم آرڈر سنہ ۱۹۲۱ء" منسلکہ جناب گورنمنٹ رامپور تحت اختیارات قاعدہ ۱۸ تحتی قاعدہ (۲) قانون تحفظ ہند پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تجویز "**ریاست رامپور تحفظ ایلونیم آرڈر سنہ ۱۹۲۱ء**" منسلکہ کا نفاذ منجانب گورنمنٹ رامپور منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ:- آرڈر محولہ بالا کی کاپی گزٹ کے آخر میں شامل ہے

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:-

۳۲ — واقع ۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدیں صراحت پیش ہوئی کہ منشی محمد سرور خاں کا تقرر بشاہرہ اسی روپیہ بعہدہ ڈسٹرکٹ رجسٹرار بحکم کونسل مورخہ ۴ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء ۱۵ فروری سنہ ۱۹۲۱ء سے ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء تک کے لئے منظور ہوا تھا۔ ضرورت ہے کہ

یکم مئی ۱۹۲۱ء سے ان کی مدت ملازمت میں ایک سال کی توسیع بمشاہرہ موجودہ منظور کی جائے اور یہ مدت یکسالہ مدت امتحانی متصور ہو۔ اس سلسلہ میں اس امر کا اظہار بھی کیا گیا ہے کہ نامبردہ لاہور میں مستقل ملازم تھے۔ انہیں ریاست ہذا میں اس غرض سے بلایا گیا تھا کہ وٹنری ڈپارٹمنٹ کو ایک قابل اور تجربہ کار شخص کی خدمات سے فائدہ ہو۔ سروس سلکشن بورڈ نے اس آسامی کے لئے محمد عظیم الدین باشندہ رامپور کو تجویز کیا ہے۔ نامبردہ پنشن یافتہ اور عمر رسیدہ ہیں۔ صاحب ڈائرکٹر بہادر محکمہ زراعت نے انہیں بلا کر دیکھا ان کی رائے میں محمد عظیم الدین بوجہ زیادتی عمر اس قابل نہیں ہیں کہ وہ صدر وٹنری سرجن کی خدمات کما حقہ انجام دے سکیں۔ البتہ وٹنری ڈپارٹمنٹ میں ان کے موزوں کوئی آسامی خالی ہونے پر ان کے تقرر کے مسئلہ پر غور کیا جا سکے گا۔ بجٹ میں ایک آسامی وٹنری سرجن بگریڈ ـ ص ـ ماہانہ منظور شدہ ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز منشی محمد سردار خاں کی مدت ملازمت میعادی یکم مئی ۱۹۲۱ء سے ایک سال کی توسیع بمشاہرہ اسی روپیہ بعہدہ وٹنری سرجن منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:-

۳۲

واقع ۲۵ مئی ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۹ مئی ۱۹۲۱ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ بجٹ سال ۲۲-۱۹۲۱ء میں ایک آسامی ٹائپنگ ایکسپرٹ کی بمشاہرہ ایک سو روپیہ اور ایک آسامی سپروائزر ڈیوننگ سیکشن کی بمشاہرہ پچاس روپیہ منظور شدہ ہے۔ ہر دو آسامیان پر شمس الحق قادری اور عبدالحنان ہاشمی علی الترتیب کام انجام دے رہے ہیں۔ لیکن بعد غور کام کی اہمیت کا لحاظ کرتے ہوئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ٹائپنگ ایکسپرٹ کی آسامی بجائے ایک سو روپیہ ماہانہ کے پچھتر روپیہ ماہانہ کی منظور کی جائے اور اس پر شمس الحق قادری کا تقرر بمشاہرہ پچھتر روپیہ ایکسال کے لئے منظور فرمایا جائے۔ چونکہ نامبردہ رضامند ہے اور سپروائزر ڈیوننگ سیکشن کی آسامی بجائے پچاس روپیہ ماہانہ کے ساٹھ روپیہ ماہانہ کی منظور کی جائے اور اس پر عبدالحنان ہاشمی کا تقرر بمشاہرہ ساٹھ روپیہ برائے ایک سال منظور فرمایا جائے۔ سروس سلکشن بورڈ نے ہر دو ملازمان کی توسیع یکسالہ سے اتفاق کر لیا ہے اور اس انتظام میں پندرہ روپیہ ماہانہ کی بچت ہونے کی وجہ سے صیغہ فائنانس نے بھی اتفاق کر لیا ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب صراحت تجویز ٹائپنگ ایکسپرٹ کی آسامی پچھتر روپیہ ماہانہ کی اور سپروائزر ڈیوننگ سیکشن کی آسامی ساٹھ روپیہ ماہانہ کی منظور کی جاتی ہے۔

اور ہر دو آسامیاں پر شمس الحق قادری اور عبدالحنان ہاشمی کا تقرر علی الترتیب یکم اپریل ۱۹۲۱ء سے ایک سال کے لئے منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ :-

۲۹

واقع ۲۵ مئی ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۹ مئی ۱۹۲۱ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ مسٹر افتخار علی صدیقی سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز مشاہرہ ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار کی مدت ملازمت عارضی ۳۰ اپریل ۱۹۲۱ء کو ختم ہو گئی۔ سروس سکشن بورڈ نے از یکم مئی ۱۹۲۱ء انکی مدت ملازمت میں ایک سال کی توسیع سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا مسٹر افتخار علی صدیقی سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز کی مدت ملازمت میں بمشاہرہ موجودہ یکم مئی ۱۹۲۱ء سے ایک سال کی توسیع منظور کی جائے۔

طے پایا کہ

حسب تجویز مسٹر افتخار علی صدیقی سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز کی مدت ملازمت میں از یکم مئی ۱۹۲۱ء ایکسال کی توسیع بمشاہرہ موجودہ منظور کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ :-

۵۲

واقع ۲۰ مئی ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۵ مئی ۱۹۲۱ء میں عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بابت کارروائی نسبت مسودہ ترمیم قانون کوآپریٹیو سوسائٹی ہائے ریاست رامپور ۱۹۲۱ء پیش ہو کر طے پایا کہ :-

کونسل کو اتفاق ہے کہ مسودہ مذکور بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ سرکاری کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

حکم نوامع مسودہ منسلکہ بغرض اشاعت گزٹ اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ اصل کاغذات بعد اندراج گزٹ بخدمت عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی ارسال کئے جائیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ :- کاپی مسودہ مذکور گزٹ کے آخر میں شامل ہے۔